SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

SECP

**PRESS RELEASE**

For immediate release

December 31, 2020

**ایس ای سی پی نے میوچل فنڈ کے سرمایہ کاروں کو آن لائن اکاؤنٹ کھولنے کی سہولت فراہم کردی**

اسلام آباد (دسمبر 31): پاکستان میں سمارٹ سرمایہ کاری کے نئے دور کا آغاز کرتے ہوئے سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے ایسٹ مینجمنٹ کمپنیوں (اے ایم سیز) کے سرمایہ کاروں کے آن لائن اکاؤنٹ کھولنے کا طریقہ متعارف کروایا دیا ہے۔ میوچل فنڈز میں سرمایہ کاری کے لئے نئے ڈیجیٹل اکاؤنٹ کی سہولت استعمال کرتے ہوئے کہیں سے بھی سرمایہ کاری کر سکتے ہیں۔

میوچل فنڈز میں اپنا اکاؤنٹ کے لئے تمام معلومات اور دستاویزات آن لائن جمع کروائی جاسکتی ہیں سکیں گے جبکہ سرمایہ کار (صارف) کی تصدیق کا عمل بھی آن لائن ہی مکمل کیا جائے گا۔ ایسٹ مینجمنٹ کمپنیاں سرمایہ کار کی تصدیق اور براہ راست رابطہ کے لئے سکائیپ اور وٹس ایپ کے ذریعے بھی رابطہ کر سکیں گی۔ سرمایہ کاروں کی آسانی کے لئے مختلف فارمز پر دستخط اور ڈیکلریشن کی شرائط کو خذف کر دیا گیا ہے۔

آن لائن اکاؤنٹ کھولنے کا یہ نیا نظام نان بینکنگ فنانشل سیکٹر اور کیپٹل مارکیٹ کی ترقی کو یقینی بنانے کے لئے ایس ای سی پی کے اصلاحاتی ایجنڈے کا تسلسل ہے جس سے میوچل فنڈ انڈسٹری میں جدت پیدا ہوا گی، کمپنیوں کے مابین مقابلہ کے رجحان کو فروغ ملے گا اور ملک میں مالیاتی شمولیت کو فروغ ملے گا۔